خبرنامہ

ادارہ

فلپائنی زبان میں قرآن کی پہلی تفسیر

خلیجی ممالک میں اس وقت دوملین فلپنی باشندے ملازمت کے مقصد سے مقیم ہیں، وہاں قبول اسلام کے واقعات میں ان کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ اسلام سے ان کے اس تعلق کے پیش نظر سعودی عرب کی وزارت امور مذہبی نے دس برس قبل فلپائنی زبان میں تفسیر شائع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا جو پچھلے دنوں مکمل ہوا، اس کے لیے متعدد علماء اور محققین کا جن میں چار خواتین بھی شامل ہیں انتخاب کیا گیا تھا، ان کے علاوہ فلپائن نژاد معاونین بھی شریک تھے، سربراہ فواد کوثر تھے۔ ۱۳۸۰ صفحات پر مشتمل اس تفسیر کے بیس ہزار نسخے تیار کرائے گئے، جن میں ۴۰ فیصد سعودی عرب کے لیے مختص کیے گئے ہیں، ۶۰ فیصد فلپائن سمیت دوسرے ملکوں میں بھی بھیجے گئے ہیں۔ دو لاکھ ۴۰ ہزار ڈالر کا خرچ طباعت پر آیا، الحمدللہ فلپائن میں اس تفسیر کو خاصی مقبولیت مل رہی ہے۔ (معارف، اگست ۲۰۱۲ء)

قرآنی مطالعات کے لیے امریکہ میں بین الاقوامی ادارہ کا قیام

اخبار کرسچین سائنس مانٹیر کے مطابق امریکہ میں اسلام کے خلاف ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد وہاں کے عوام میں قرآن کی جانب میلان میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔ قرآنی مطالعات کے لیے وہاں کوئی خاص ادارہ نہیں ہے، تاہم اب صورت حال تغیر پذیر ہے حالیہ برسوں میں قرآن مجید کے ۱۲ر نئے ترجمے چھپ چکے ہیں۔ ایک ادارہ ہنری لوس فاؤنڈیشن نے قرآنی مطالعات کے بین الاقوامی ادارہ کے قیام کے لیے خصوصی عطیہ کا اعلان کیا ہے، مقصد ہے کہ اہل علم کے ساتھ عام انسان بھی قرآن مجید کو بھی سمجھ سکے